F. 6-4 (Edit) /2015 NCPUL Press release

Tel: No.: 011-49539000
Fax No.: 011-49539099

jk"Vh; mn Hkk"kk fodkl ifj"kn

Website.: www.urducouncil.nic.in
E-mail.: urducouncil@gmail.com
: urduduniyancpul@yahoo.co.in

قومی کونسل برائے فروغ اردو زبان

National Council for Promotion of Urdu Language
Ministry of Human Resource Development
Government of India

فروغ اردو بھون
Farogh-e-Urdu Bhawan
FC-33/9, Institutional Area
Jasola, New Delhi-110025

Dated: 27/10/2015

قومی اردو کونسل میں 'نگہداشت بیداری ہفتہ' سے متعلق تقریب کا انعقاد

نئی دہلی۔ قومی اردو کونسل کے صدر دفتر 'فروغ اردو بھون' میں نگہداشت بیداری ہفتہ کا اہتمام کیا گیا۔ واضح ہو کہ مرکزی حکومت نے اپنے تمام تر دفاتر میں نگہداشت بیداری ہفتہ (26 تا 31 اکتوبر) منانے کا اعلان کیا ہے۔ یہ اسی سلسلے کی ایک تقریب تھی۔ اس موقع پر کونسل کے وائس چیئرمین پدم شری جناب مظفر حسین نے کونسل کے تمام ارکان کو اپنے کام کے تئیں ایمانداری، شفافیت اور وقت کے پابند عہد ہونے کا حلف دلایا۔ انھوں نے مزید کہا کہ ہم سب کو ملک کے وزیر اعظم جناب نریندر مودی کے اس خواب کی تکمیل کرنا ہے جو انھوں نے ملک کی سالمیت، یکجہتی اور ترقی کے لیے دیکھا ہے۔ آیئے ہم سب مل کر ترقی اور کامرانی کے لیے اپنے فرائض کو بغیر کسی خوف اور جانبداری کے ایمانداری سے پورا کرنے کا عہد کریں۔ اس موقع پر کونسل کے ڈائرکٹر پروفیسر ارتضی کریم نے کہا کہ ہم روایتی طور پر حلف نہ اٹھائیں بلکہ اپنے کام میں پوری ایمانداری اور نیک نیتی کا ثبوت پیش کریں۔ دراصل ہماری یہی کوشش ملک کی عظمت کو بڑھاتی ہے۔

حلف لینے کے تقریب میں کونسل کے پرنسپل پبلی کیشن آفیسر ڈاکٹر شمس اقبال، اسسٹنٹ ڈائرکٹر (انتظامیہ) جناب کمل سنگھ، اسسٹنٹ ڈائرکٹر (اکیڈمک) ڈاکٹر شمع کوثر یزدانی، ریسرچ آفیسر ڈاکٹر کلیم اللہ کے علاوہ کونسل کے تمام اسٹاف موجود تھے۔

(رابطہ عامہ سیل)